## سابق سٹی ناظم کراچی مصطفےٰ کمال سے انکی والدہ کے انتقال پر ایم کیو ایم کے قائد الطاف حسین کی فون پر تعزیت

## محترمہ جمیلہ خاتون ایک عظیم ماں تھیں جنہوں نے ایک ایسے سپوت کو جنم دیا جس نے اپنی شبانہ روز محنت کرکے کراچی کی قسمت بدل دی۔ الطاف حسین

## لندن میں موجود ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی اور انٹرنیشنل سیکریٹریٹ کے ارکان کا بھی مصطفےٰ کمال سے فون پر اظہار تعزیت

لندن۔۔۔ 7 اپریل 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن اور سابق سٹی ناظم کراچی مصطفےٰ کمال سے فون پر ان کی والدہ محترمہ جمیلہ خاتون کے انتقال پر تعزیت کی۔ مصطفےٰ کمال سے گفتگو کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہا کہ عظیم مائیں ہی عظیم بیٹوں کو جنم دیتی ہیں، محترمہ جمیلہ خاتون بھی ایک عظیم ماں تھیں جنہوں نے ایک ایسے سپوت کو جنم دیا جس نے اپنی شبانہ روز محنت کرکے کراچی کی قسمت بدل دی۔ آج اس عظیم ماں کے انتقال پر ایم کیو ایم کے تمام ونگز، شعبہ جات اور اوورسیز یونٹوں کے کارکنان ہی نہیں بلکہ شہر کی ترقی سے مستفید ہونے والا ہر فرد دکھی ہے اور اس کو ایک سانحہ قرار دے رہا ہے۔ جناب الطاف حسین نے تمام کارکنوں اور ہمدردوں کی جانب سے مصطفےٰ کمال سے دلی تعزیت ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ آپ کی والدہ ایک نیک خاتون تھیں، ہم سب آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں اور دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، ان کے درجات بلند فرمائے اور ان کی روح کو سکون عطا کرے۔ دریں اثناء لندن میں موجود اراکین رابطہ کمیٹی اور انٹرنیشنل سیکریٹریٹ کے ارکان نے بھی فون کرکے مصطفےٰ کمال سے ان کی والدہ کے انتقال پر دلی تعزیت کی اور مرحومہ کیلئے دعائے مغفرت کی۔

## ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن وسابق حق پرست سٹی ناظم کراچی مصطفیٰ کمال کی والدہ محترمہ کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

## مصطفیٰ کمال سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

لندن۔۔۔7، اپریل 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن وسابق حق پرست سٹی ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال کی والدہ محترمہ جمیلہ خاتون کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور مصطفیٰ کمال سمیت مرحومہ کے تمام سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن وسٹی گورنمنٹ کراچی کے سابق حق پرست ناظم اعلیٰ سید مصطفیٰ کمال کی والدہ محترمہ جمیلہ خاتون کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مصطفیٰ کمال سمیت مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین)

## سابق حق پرست بلدیاتی قیادت کا سید مصطفیٰ کمال سے والدہ کے انتقال پر اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔7، اپریل 2010ء

کراچی وحیدرآباد سمیت سندھ بھر کے سابق حق پرست ناظمین، ٹاؤن ناظمین، نائب ناظمین، یوسی ناظمین، نائب یوسی ناظمین، کونسلر ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن وسابق حق پرست سٹی ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال کی والدہ محترمہ جمیلہ خاتون کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے مشترکہ تعزیتی بیان میں سابق حق پرست ناظمین، ٹاؤن ناظمین، ٹاؤن نائب ناظمین، یوسی ناظمین، نائب یوسی ناظمین اور کونسلرز نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہا کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور مصطفیٰ کمال سمیت مرحومہ کے تمام سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن وسابق سٹی ناظم کراچی مصطفیٰ کمال کی والدہ محترمہ جمیلہ خاتون کوسخی حسن قبرستان میں سپردخاک کردیا گیا

## نمازجنازہ وتدفین میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر،اراکین رابطہ کمیٹی، وزراء،ارکان اسمبلی ودیگر کی شرکت

## مرحومہ کا سوئم بعدنماز جمعہ مسجد اقصیٰ گلشن اقبال بلاک 13 میں ہوگا

کراچی۔۔۔07/اپریل2010ء

ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن وسابق حق پرست ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال کی والدہ محترمہ جمیلہ خاتون علالت کے باعث بدھ کے روز رحلت فرما گئیں(انا اللہ وانا الیہ راجعون)۔مرحومہ کینسر کے عارضے میں مبتلاتھیں اورگزشتہ کئی دنوں سے کراچی کے مقامی اسپتال میں زیرعلاج تھیں۔مرحومہ کی عمر60برس تھی۔انہوں نے سوگواران میں دو صاحبزادے اور چار صاحبزادیاں چھوڑیں ہیں۔مرحومہ محترمہ جمیلہ خاتون کو بدھ کی شام سیکڑوں سوگواران کی موجودگی میں سخی حسن قبرستان میں سپردخاک کردیا گیا۔اس سے قبل مرحومہ کی نمازجنازہ بعدنمازعصر مسجد اقصیٰ گلشن اقبال بلاک 13 میں ادا کی گئی نمازجنازہ اورتدفین میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر انیس احمدقائم خانی،اراکین رابطہ کمیٹی، حق پرست صوبائی وزراء،مشیران،ارکان اسمبلی،ایم کیوایم کے مختلف شعبہ جات اورونگ کے ذمہ داران وکارکنان،ایم کیوایم کراچی کے مختلف سیکٹرز و یونٹ کے ذمہ داران و کارکنان،سابق حق پرست ٹاؤن ناظمین ونائب ناظمین، یوسی ناظم ونائب ناظم،کونسلرز،ایم کیوایم کے ہمدردوں،صحافی،فنکار،کھلاڑیوں سمیت مختلف سیاسی،مذہبی وسماجی شخصیات،معززین شہر،حکومت سندھ اورسٹی ڈسٹرکٹ گورنمنٹ کے افسران ومحنت کشوں کے علاوہ زندگی کے مختلف طبقہ سے تعلق رکھنے والے افراداورمرحومہ کے عزیزواقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔علاوہ ازیں ایم کیورابطہ کمیٹی کی رکن وسابق سٹی نائب ناظمہ کراچی نسرین جلیل،ایم کیوایم شعبہ خواتین کی انچارج ورکن قومی اسمبلی کشورہ زہرہ،ایم کیوایم شعبہ خواتین کی ذمہ داران وکارکنان،حق پرست خواتین کونسلرز نے رابطہ کمیٹی کے رکن وسابق سٹی ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال کے رہائشگاہ واقع گلشن اقبال میں مصطفیٰ کمال اوران کے اہلخانہ سے تعزیت کی اورمرحومہ کی ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی۔دریں اثناء مرحومہ کا سوئم بعدنماز جمعہ مسجد اقصیٰ گلشن اقبال بلاک 13 نزد سرسید یونیورسٹی کراچی میں ہوگا جبکہ خواتین کیلئے مرحومہ کی رہائشگاہ A-66 گلشن اقبال بلاک 13 میں انتظام کیا گیا ہے۔

## ایم کیوایم بلوچستان کوئٹہ ڈسٹرکٹ کے کارکن ظہیر کے بھتیجوں کے قتل پر الطاف حسین کا اظہارافسوس

لندن۔۔۔07/اپریل2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائدجناب الطاف حسین نے ایم کیوایم بلوچستان ڈسٹرکٹ کوئٹہ کے کارکن ظہیر کے بھتیجوں طاہرالدین اورمحسن ناصر کے بہیمانہ قتل پر گہرے رنج وغم کا اظہارکیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے مقتولین کے سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہارکرتے ہوئے انہیں صبرکی تلقین کی اوردعا کی کہ اللہ تعالیٰ مقتولین طاہرالدین اورمحسن ناصر کواپنی جواررحمت میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران صبرجمیل دے۔(آمین)

## ایم کیوایم بلوچستان ڈسٹرکٹ کوئٹہ کے کارکن ظہیر کے بھتیجوں طاہرالدین اورمحسن ناصر کے بہیمانہ قتل کا نوٹس لیا جائے،رابطہ کمیٹی

## مقتولین کے تمام سوگواران سے رابطہ کمیٹی کا اظہارتعزیت

کراچی۔۔۔7،اپریل2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم بلوچستان ڈسٹرکٹ کوئٹہ کے کارکن ظہیر کے بھتیجے طاہرالدین اورمحسن ناصر کے بہیمانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے مطالبہ کیا کہ طاہرالدین اورمحسن ناصر کے قتل کا سختی سے نوٹس لیا جائے اوراس میں ملوث سفاک قاتلوں کوفی الفورگرفتارکرکے قرارواقعی سزای دی جائے۔ رابطہ کمیٹی نے مقتولین کے سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہارکرتے ہوئے انہیں صبرکی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی کی دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مقتولین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے(آمین)

## ایم کیو ایم کی حق پرستانہ جدوجہد میں ہزاروں کارکنان نے اپنی جانوں کا نذرانہ دیکر تحریک کی آبیاری کی، اراکین رابطہ پکا قلعہ گراؤنڈ میں منعقدہ حیدرآباد زون کے سیکٹرز کی تنظیم نو کے سلسلے میں منعقدہ جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب

حیدرآباد۔۔۔7،اپریل2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان وسیم آفتاب، اشفاق منگی اور شاکر علی نے کہا ہے کہ ایم کیو ایم کی حق پرستانہ جدوجہد میں ہزاروں کارکنوں نے اپنی جانوں کا نذرانہ دے کر تحریک کی آبیاری کی ہے اور دنیا جان چکی ہے کہ الطاف حسین اب صرف کسی فرد کا ہی نام نہیں بلکہ ایک تحریک احساس فکر اور نظریہ کا نام ہے۔ ان خیالات اظہار انہوں نے گزشتہ روز پکا قلعہ گراؤنڈ میں منعقدہ ایم کیو ایم حیدرآباد زون کے سیکٹرز کی تنظیم نو کے سلسلے میں منعقدہ بڑے جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس سے ایم کیو ایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے انچارج عمر قریشی اور ایم کیو ایم حیدرآباد زون کے زونل انچارج محمد شریف نے بھی خطاب کیا جبکہ اس موقع پر ایم کیو ایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے ارکان یاور فیصل، انور سلیم، فرید احمد، عائشہ آفتاب، ایم کیو ایم حیدآباد زون کی زونل کمیٹی کے ارکان، حق پرست ارکان اسمبلی وسیم حسین اور سہیل یوسف بھی موجود تھے۔ وسیم آفتاب، اشفا منگی اور شاکر علی نے کہا کہ جدوجہد کے قافلے کو منزل تک پہنچانے میں شہیدوں کی قربانی کا سب سے بڑا حصہ ہے، مشن ومقصد کے حصول کی جدوجہد میں شامل لوگ اپنے وقت خواہشات اور مال کی قربانی دیتے ہیں مگر زندہ رہتے ہیں جبکہ شہید وہ ہوتے ہیں جو مشن ومقصد کے لئے سب سے قیمتی چیز یعنی اپنی جان کی قربانی دیتے ہین ان کی قربانیوں سے نہ صرف جدوجہد اور تحریک مضبوط ہوتی ہے بلکہ دنیا کے سامنے ان کے مشن اور مقصد کی سچائی بھی ثابت ہوجاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ نے جھوٹی و فرسودہ سیاست کے بجائے حقیقت پسندی وعملیت پسندی کے کلیہ پر جدوجہد کا آغاز کیا اور یہی وجہ ہے کہ آج ملک کے چاروں صوبوں، گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر میں متحدہ قومی موومنٹ کی سچائی پر مبنی جدوجہد کا دائرہ پھیل چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جناب الطاف حسین اب صرف کسی فرد کا ہی نام نہیں بلکہ ایک تحریک احساس فکر اور نظریہ کا نام ہے اور اس فکر و احساس کو ہی اپنا کر ہم نہ صرف اپنے حقوق حاصل کرسکتے ہیں بلکہ دیگر مظلوموں کو بھی ظلم وستم سے نجات دلا سکتے ہیں۔

## ملک میں سادہ اکثریت سے نئے صوبوں کے قیام کیلئے آئین میں ترمیم کی جائے، ڈاکٹر فاروق ستار
## سیلز ٹیکس اور ایکسائز ڈیوٹی کی وصولی کا اختیار صوبوں کو دیا جائے
## اٹھارویں ترمیم پر عمل درآمد نہ ہوا تو یہ بڑی بدقسمتی ہوگی اور اس پر ایسا دنگل ہوگا کہ ایک اور آمر کا راستہ کوئی نہیں روک سکے گا
## قومی اسمبلی میں اٹھارویں ترمیم پر بحث کے آغاز پر خطاب

اسلام آباد۔۔۔7،اپریل2010ء

متحدہ قومی موومنٹ نے مطالبہ کیا ہے کہ ملک میں سادہ اکثریت سے نئے صوبوں کے قیام کیلئے آئین میں ترمیم کی جائے، سیلز ٹیکس اور ایکسائز ڈیوٹی کی وصولی کا اختیار صوبوں کو دیا جائے، اٹھارویں ترمیم پر عمل درآمد نہ ہوا تو یہ بڑی بدقسمتی ہوگی اور اس پر ایسا دنگل ہوگا کہ ایک اور آمر کا راستہ کوئی نہیں روک سکے گا، ان ترامیم کے بعد قائداعظم کے حقیقی پاکستان کے قریب پہنچ گئے ہیں۔ بدھ کو قومی اسمبلی میں اٹھارویں ترمیم پر بحث کا آغاز کرتے ہوئے ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز اور وفاقی وزیر اوورسیز پاکستانیز ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ 18ویں ترمیم کا سہرا پاکستان کے 18 کروڑ عوام کے سر ہے، آئینی اصلاحات کمیٹی کے چیئرمین واراکین نے بھی شبانہ روز محنت کی اور متفقہ تاریخی دستاویز تیار کرنے پر مبارکباد پیش کرتے ہیں یہ اتفاق رائے اس بات پر ہوا ہے کہ مضبوط مرکز مضبوط پاکستان کا ضامن نہیں ہوسکتا، یہ ماضی میں بھی ثابت ہوچکا ہے، مضبوط صوبے اور وفاقی اکائیاں ہی مضبوط پاکستان کی ضامن ہوسکتی ہیں۔ ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ ہم نے ایک نئے سفر کا آغاز کیا ہے، 1970 میں اگر یہ اتفاق رائے پیدا ہوجاتا تو یہ قائداعظم کے پاکستان جس میں بنگلہ دیش بھی شامل تھا اس سمیت قومی اتفاق رائے ہوتا، 1973ء کا آئین بنانے والوں نے 10 سال کے اندر کنکرنٹ لسٹ ختم کرنے پر اتفاق کیا ہم نے اس پر 37 سال ضائع کردیئے۔ انہوں نے کہا کہ مشترکہ مفادات کونسل کو فعال بنانے کی کوشش کی گئی ہے یہ جہد مسلسل ہے ہم قائداعظم کے پاکستان کے قریب آئے ہیں، کنکرنٹ لسٹ کے خاتمے کا دیرینہ مطالبہ پورا ہونے جارہا ہے۔ 18ویں ترمیم سے وزیراعظم اور وزراءاعلیٰ پر ذمہ داریوں کا بوجھ بڑھ گیا ہے، ریگولیٹری باڈیوں کی قانون سازی مشترکہ مفادات کونسل کو دی گئی ہے یہ ایک نیا تجزبہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم نے یہ اختیارات بین الصوبائی ایگزیکٹو کونسل کو دینے کی سفارش کی تھی یہ ایم کیو ایم کی بڑی کامیابی ہے 18ویں ترمیم صوبوں کو وساء، تیل وگیس کی تلاش کے لائسنسوں کے اجراء، قانون سازی میں صوبوں کو حصہ دینا، چھوٹی جماعتوں کی بڑی کامیابی ہے اس پر پوری قوم مبارکباد کی مستحق ہے۔ انہوں نے کہا کہ اب یہ منافع بھی برابر اور مساوی تقسیم ہوگا اور ایم کیو ایم نے سندھ کا مقدمہ بخوبی پیش کیا۔ انہوں

نے کہا کہ 18 ویں ترمیم کی منظوری کے بعد اس پر عمل نہ ہوا تو بڑی بدقسمتی ہوگی صوبوں کی قوم پرست جماعتوں نے قانون ساز اسمبلی کی تشکیل کا بھی مطالبہ کر دیا تھا۔ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ اگر اس پر عمل نہ ہوا تو ایسا دنگل ہوگا کہ ایک اور آمر کا راستہ کوئی نہیں روک سکے گا، 18 ویں ترمیم کوئی آئینی صحیفہ نہیں ہے ہمیں مستقبل کی پیش بندی کرنی ہے، ٹیکسوں کی صوبوں کو وصولی نہیں دی جا رہی اسے بھی صوبوں کو منتقل کیا جائے، صوبہ سندھ کو گڈز پر سیلز ٹیکس کا حق دیا جائے تو سندھ این ایف سی ایوارڈ کے تحت افواج پاکستان کے بجٹ میں حصہ دیا جاسکتا ہے۔ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ سیلز ٹیکس اور ایکسائز ڈیوٹی صوبوں کو دی جائے، ایم کیو ایم نے بندرگاہوں اور کوٹہ سسٹم پر اپنا اختلافی نوٹ لکھا ہے ہم نے کوٹہ سسٹم کے خاتمے کا نوٹ دیا تھا، انسانی حقوق کے حوالے سے ہم نے نوٹ دیا ہے، اس سے تھانوں میں انسانی حقوق کی پامالیوں سے بچا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی تارکین وطن کو پارلیمنٹ میں نمائندگی دی جانی چاہئے 90 لاکھ پاکستانی بیرون ملک ملازمت کر کے زرمبادلہ پاکستان بھجوا رہے ہیں، صوبوں کو ٹیلی کاسٹ اور براڈ کاسٹ کی بھی اجازت دی جائے، صوبہ سرحد کا نام پختونخواہ رکھے جانے پر ہم اے این پی کو مبارکباد دیتے ہیں تاہم ہزارہ میں جو صورتحال ہے ہم وہ بھی حل کرانے کیلئے تیار ہیں اس کو نظر انداز نہیں کیا جاسکتا۔انہوں نے کہا کہ ہم خیبر کے حق میں نہیں تھے تاہم قومی اتفاق رائے کی وجہ سے ہم نے اس کو قبول کیا، فاٹا کے مسائل کے حل کی طرف اور یہاں پر ایف سی آر نظر ثانی کی جائے۔ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ پولیٹیکل ایکٹ کو فاٹا تک سعت دی جائے، سینٹرل پنجاب میں سرائیکی صوبہ بنانے میں کوئی مزاحمت نہیں ہے نئے صوبے بنانے کا اختیار سادہ اکثریت سے ہونا چاہئے، اندرونی مسائل حل کرنے کے بعد ہم بھارت سے بہتر انداز میں مسئلہ کشمیر سمیت پانی کے تنازعہ پر بات کر سکتے ہیں۔

## سکھر کی سیاسی جماعت سے تعلق رکھنے والی خاتون محترمہ ثمینہ اعوان کی اہل خانہ سمیت متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت

سکھر۔۔۔7، اپریل 2010ء

سکھر کی سیاسی جماعت سے تعلق رکھنے والی خاتون محترمہ ثمینہ اعوان نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ اور نظریئے سے متاثر ہو کر متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔ یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز ایم کیو ایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے تحت سکھر میں منعقدہ خواتین کے اجلاس میں کیا جس میں خواتین نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ اجلاس سے ایم کیو ایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کی اراکین محترمہ زاہدہ، محترمہ ہیر سوہو، ایم کیو ایم شعبہ خواتین سکھر زون کی انچارج و ایم پی اے محترمہ ناہید نے خطاب بھی کیا۔ایم کیو ایم میں شمولیت کا اعلان کرنے والی محترمہ ثمینہ اعوان نے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ میں کارکن کو جو عزت و مقام حاصل ہے وہ کسی اور جماعت میں نہیں ہے اور جناب الطاف حسین کے کا یہ جملہ کہ کارکنان میرا قیمتی سرمایہ ہیں حقیقت ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم کی عملی جدوجہد سے متاثر ہو کر میں نے اپنے اہل خانہ سمیت شمولیت کا اعلان کیا ہے اور انشاءاللہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ اور نظریئے کو فروغ دیکر ہی ملک وقوم کی قسمت بدلی جاسکتی ہے۔قبل ازیں اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے ایم کیو ایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کی ارکان محترمہ زاہدہ اور محترمہ ہیر سوہو نے کہا کہ ایم کیو ایم نے سندھ میں غیرت کے نام پر خواتین پر ہونے والے ظلم و زیادتیوں اور ناانصافیوں کے خاتمے کیلئے عملی کردار ادا کیا ہے اور ہر اس مظلوم خاتون کی مدد کی ہے جو ظلم کا شکار تھی۔انہوں نے کہا کہ مظلوم خواتین ایم کیو ایم کی جدوجہد سے متاثر ہیں اور جوق در جوق متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت اختیار کر رہی ہیں اور اب کوئی اپنی جھوٹی انا کی تسکین کیلئے مظلوم خواتین پر اتنی آسانی سے ظلم نہیں ڈھا سکتا۔اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کی ارکان نے محترمہ ثمینہ اعوان کی اہل خانہ سمیت متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا زبردست خیر مقدم کیا اور انہیں دلی مبارکباد پیش کی۔

## ایم کیو ایم شاہ فیصل اور ڈیفنس کلفٹن سیکٹرز کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔7، اپریل 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم شاہ فیصل سیکٹر یونٹ 107 کے کارکن یونس کے والد بشیر احمد اور ایم کیو ایم ڈیفنس کلفٹن سیکٹر یونٹ B-38 کے کارکن جاوید حیدر اعوان کی ہمشیرہ محترمہ الماس بی بی، ایم کیو ایم گلشن اقبال سیکٹر یونٹ A-66 کے کارکن محمد اکرم کے بھائی محمد اکبر قریشی، ایم کیو ایم گلشن اقبال سیکٹر یونٹ 67/A کے کارکن ظہیر الحق کبیر کے والد محمد اکبر کبیر، ایم کیو ایم بدین زون گولارچی سیکٹر کے کارکن نصر اللہ راجپوت کے بھائی حفیظ اللہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے (آمین)

☆☆☆☆☆